ST. OLAVS HOSPITAL UNIVERSITETSSYKEHUSET I TRONDHEIM

# ان خواتین کے لیے ایک تحقیقی پراجیکٹ کے متعلق معلومات جو St. Olavs ہاسپٹل میں بچے کو جنم دیں گی۔

## پراجیکٹ کا مقصد

نارویجن ہسپتالوں میں بچے کی پیدائش کے دوران WHO partogram نامی پیمانے سے طے کیا جاتا ہے کہ ولادت کا عمل کہاں تک پہنچا ہے۔ 2020 میں عالمی ادارہ صحت نے "لیبر کیئر گائیڈ" کہلانے والا ایک نیا پیمانہ شائع کیا جسے اب ولادت کی پیش رفت طے کرنے کے لیے تجویز کیا جاتا ہے۔ لیبر کیئر کی بنیاد ولادت کی پیش رفت کے متعلق نئی تحقیق پر ہے جس میں یہ بھی شامل ہے کہ مختلف خواتین میں رحم کی گردن کھلنے میں فرق ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ لیبر کیئر گائیڈ میں خواتین کے ولادت کے دوران بھی فیصلوں میں شریک ہونے کے حق کو اہمیت دی جاتی ہے۔ ناروے میں 2024 سے پہلے تک لیبر کیئر گائیڈ کو استعمال نہیں کیا جا رہا تھا۔ اس تحقیقی پراجیکٹ میں اس پیمانے کے مؤثر ہونے کو دیکھا جائے گا اور اس کے بعد ہی اسے پورے ملک میں متعارف کروانے پر غور کیا جائے گا تاکہ ناروے میں سب خواتین کو تحقیق کی بنیاد پر اور موزوں نگہداشت فراہم کی جائے۔ St. Olavs ہاسپٹل اس پراجیکٹ میں شریک ان 10 ہسپتالوں میں سے ایک ہے جن میں 2026-2025 کے دوران لیبر کیئر گائیڈ کو متعارف کروایا جا رہا ہے۔ ایک الیکٹرانک سسٹم طے کرے گا کہ مختلف ہسپتال WHO partogram کو چھوڑ کر لیبر کیئر گائیڈ کا استعمال کب سے شروع کریں گے، اور محققین اس تبدیلی کے وقت پر اثرانداز نہیں ہو سکتے۔جب ہسپتال اس نئے پیمانے کو متعارف کروائیں گے تو تمام ولادتوں کی خبرگیری اسی نئے پیمانے پر کی جائے گی۔ نئے پیمانے کو متعارف کروانے سے پہلے تمام ولادتوں کی خبرگیری پرانے پیمانے پر کی جائے گی۔

## آپ کے لیے اس پراجیکٹ کا کیا مطلب ہے ؟

آپ کی ولادت کی خبرگیری آپ اور آپ کے بچے کی ضروریات کو سامنے رکھتے ہوئے اور ولادت کی پیش رفت کے اس پیمانے پر کی جائے گی جو آپ کے بچے کو جنم دینے کے وقت ہسپتال استعمال کر رہا ہو، چاہے آپ پراجیکٹ میں شامل ہوں یا نہ ہوں۔ تحقیقی مطالعے میں شامل ہونے سے آپ یا آپ کے بچے کے لیے کوئی حرج نہیں ہو گا۔

ہم تحقیقی پراجیکٹ کے لیے جو معلومات اکٹھی کرنا چاہتے ہیں، یہ وہی معلومات ہیں جو معمول میں آپ کے حمل کے ریکارڈ میں درج کی جاتی ہیں۔ مثال کے طور پر عمر، حمل کی مدت، ولادت میں لگنے والا وقت، ولادت کے لیے استعمال کیے جانے والے طبی عمل اور اقدامات، اور نوزائیدہ بچے کے متعلق آپ کے طبی ریکارڈ میں درج کی جانے والی معلومات۔

<u>اگر آپ اس تحقیقی پراجیکٹ میں مدد کی خاطر اپنی اس ولادت سے تعلق رکھنے والی تفصیلات مہیا کرنا چاہتی ہوں تو آپ کو اس فارم پر دستخط کرنے یا ہمیں فارم بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے۔</u>

آپ سے ایک سروے فارم پر سوالوں کا جواب دینے کی درخواست کی جائے گی جو آپ کے ولادت کے تجربے کے متعلق ہوں گے۔ آپ کے بچے کو جنم دینے کے تقریباً چار ہفتے بعد آپ کو ایس ایم ایس پر معلومات اور سروے فارم کا لنک بھیجا جائے گا۔ اس سروے فارم کو مکمل کرنے میں تقریباً 20 منٹ لگیں گے۔ سروے فارم کا جواب دینا یا نہ دینا آپ کی مرضی ہے۔ اگر آپ سروے فارم کا جواب دیں تو آپ یہ رضامندی دے رہی ہوں گی کہ ہم آپ کے سروے فارم سے ملنے والی معلومات کو تحقیقی پراجیکٹ میں شامل کر سکتے ہیں۔

ہم ولادت کے بعد اتفاق طور پر چنی گئی کچھ خواتین سے ایک فوکس گروپ انٹرویو میں حصہ لینے کے متعلق بھی پوچھنا چاہیں گے جو ان کے ولادت کے تجربے کے متعلق ہو گا۔ ہم تحقیق میں شامل کچھ خواتین سے ایس ایم ایس پر رابطہ کریں گے اور انٹرویو ہسپتال میں گروپ کی صورت میں ہو گا جس میں تقریباً ایک گھنٹا لگے گا۔ انٹرویو میں شریک ہونا یا نہ ہونا پوری طرح آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔ اگر آپ فوکس گروپ انٹرویو میں شریک ہونے کے لیے ہاں میں جواب دیں تو آپ سے ایک الگ رضامندی فارم پر دستخط کرنے کو کہا جائے گا تاکہ ہم انٹرویو سے ملنے والی معلومات کو تحقیقی پراجیکٹ میں شامل کر سکیں۔ نتائج کو اس تحقیق کے متعلق اشاعتوں میں ناموں کے بغیر شائع کیا جائے گا اور کوئی آپ کو پہچان نہیں سکے گا۔

## آپ کے متعلق تفصیلات کا کیا ہو گا؟

آپ اور آپ کے بچے کے متعلق تمام تفصیلات کو راز میں رکھا جائے گا اور تجزیے سے پہلے ان میں سے شناخت نکال دی جائے گی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ تفصیلات پر نام، تاریخ پیدائش اور نارویجن شناختی نمبر یا دوسری براہ راست پہچان کروانے والی معلومات کے بغیر کام کیا جائے گا۔ آپ اور آپ کی تفصیلات کو جوڑنے والا کوڈ تحقیقی ڈاٹا کو محفوظ رکھنے کے لیے ہدایات/قانون کے مطابق Østfold ہاسپٹل کے سیکیور ڈاٹا سسٹمز میں محفوظ رکھا جائے گا۔ لوگوں کے کوڈز تک صرف محققین اور پراجیکٹ کوآرڈینیٹرز کی پہنچ ہو گی اور ڈاٹا کی اشاعت کے وقت افراد کو پہچاننا ممکن نہیں ہو گا۔ تحقیقی پراجیکٹ مکمل ہونے کے بعد تحقیق کے ڈاٹا کو پانچ سال تک چیکنگ کے مقصد سے محفوظ رکھا جائے گا۔ آپ کو یہ دیکھنے کا حق ہے کہ آپ کے متعلق کونسی تفصیلات رجسٹر کی گئی ہیں اور اگر رجسٹر کی گئی تفصیلات میں کوئی غلطی ہو

تو آپ کو درستگی کروانے کا حق حاصل ہے۔ آپ کو تفصیلات پر کام میں سیکیورٹی کے اقدامات کے متعلق جاننے کا بھی حق ہے۔ آپ نارویجن ڈاٹا انسپیکٹوریٹ اور ہسپتال کے ڈاٹا پروٹیکشن آفیسر سے شکایت کر سکتے ہیں۔

## منظوری

طبی تحقیق اور صحت پر تحقیق کے اخلاقیاتی معاملات کی ریجنل کمیٹی نے تحقیق اخلاقیات کی رو سے غور کرنے کے بعد پراجیکٹ (#603063) کی منظوری دی ہے۔ اس تحقیق کو St. Olavs ہاسپٹل کے Kvinneklinikken کی مینیجمنٹ نے منظوری دی ہے او

Østfold ہاسپٹل اور پراجیکٹ انچارجز Rebecka Dalbye اور Stine Bernitz اس پراجیکٹ کے لیے ذمہ دار ہیں۔ پراجیکٹ میں شرکت 'اطلاع نہ دے کر رضامندی دینے' کی بنیاد پر ہوتی ہے یعنی خواتین اگر خود اطلاع دے کر الگ رہنے کی خواہش نہ کریں تو انہیں صحت پر تحقیق کے قانون سیکشن 13 کی رو سے شرکت کے لیے رضامند تصوّر کیا جاتا ہے۔ اس معلوماتی پرچے کے ذریعے معلومات دے کر یہ سمجھا جا رہا ہے کہ فیصلوں میں شریک ہونے، شفاف عمل اور آئندہ مراحل کا علم ہونے کے تقاضے پورے ہو چکے ہیں۔ اس تحقیقی پراجیکٹ میں ذاتی تفصیلات اور صحت کی تفصیلات کو برتنے کے لیے قانونی بنیاد GDPR آرٹیکل 6 نمبر 1، حرف e (عوامی مفاد کے مقاصد کے لیے کام) اور آرٹیکل 9 نمبر 2 حرف j (سائنسی تحقیق کے مقاصد کے لیے کام) سے مہیا ہوتی ہے۔ ذاتی تفصیلات کے قانون سیکشن 8 اور سیکشن 9 میں اضافی بنیاد بھی مہیا ہے۔

## رابطہ تفصیلات

آپ پراجیکٹ کے متعلق سوالات کے لیے پراجیکٹ انچارجز سے رابطہ کر سکتی ہیں۔ پراجیکٹ میں افراد کے ڈاٹا کی پرائیویسی کے متعلق Rebecka Dalbye, Stine Bernitz, Elisabeth Balstad Magnussen: elisabeth.balstad.magnussen@stolav.no.

Østfold ہاسپٹل اس پراجیکٹ میں ڈاٹا پروٹیکشن کے لیے ذمہ دار ہے

سوالات کے لیے آپ Østfold ہاسپٹل کے ڈاٹا پرائیویسی آفیسر سے رابطہ کر سکتی ہیں: personvernombudet@so-hf.no

نیک تمناؤں کے ساتھ، پراجیکٹ لیڈرز

| | |
|---|---|
| Stine Bernitz، مڈ وائف، Phd, stiber@so-hf.no | Rebecka Dalbye، مڈ وائف، Phd, rebdal@so-hf.no |
| پروفیسر، فیکلٹی آف ہیلتھ سائنس، OsloMet | سینئیر لیکچرر، فیکلٹی آف ہیلتھ سائنس، OsloMet |
| محقّق، Kvinneklinikken, sykehuset Østfold | محقّق، Kvinneklinikken, sykehuset Østfold |

## تحقیق سے الگ رہنے کا حق

آپ کا حق ہے کہ آپ اپنی ولادت کی تفصیلات کو اس تحقیقی مطالعے میں استعمال کرنے سے منع کر دیں۔ اگر آپ اپنی تفصیلات کو اس تحقیقی مطالعے میں استعمال کرنے سے منع کر دیں تو اس سے آپ یا آپ کے علاج پر کوئی منفی اثر نہیں پڑے گا۔

**اگر آپ چاہتی ہیں کہ آپ کی ولادت کی تفصیلات کو اس معلوماتی پرچے میں بتائے گئے طریقے سے استعمال کر لیا جائے تو اس کاغذ پر دستخط نہ کریں۔**

## صرف ان خواتین کے لیے جو تحقیقی پراجیکٹ میں اپنی تفصیلات شامل نہیں کروانا چاہتیں

اگر آپ اپنی ولادت کے ڈاٹا کو تحقیق میں استعمال کرنے سے منع کرنا چاہتی ہیں تو اس کاغذ پر دستخط کر کے اپنی مڈ وائف یا اس ڈیپارٹمنٹ میں ڈاکٹر کو دے دیں جو آپ کی ریزرویشن (پراجیکٹ سے الگ رہنے) کو رجسٹر کر رہا ہو۔

میں **نہیں** چاہتی کہ میری تفصیلات کو تحقیقی پراجیکٹ میں شامل کیا جائے ☐

مقام اور تاریخ ________________________ پورا نام، بڑے انگریزی حروف میں ________________________________

دستخط ____________________________________________________________

مزید تفصیلات کے لیے: https://uni.oslomet.no/norwelcg/

مندرجہ ذیل زبانوں میں پراجیکٹ کے متعلق معلومات کے لیے یہ ویب پیج دیکھیں: https://uni.oslomet.no/norwelcg/

(arabisk), Soomaali, українська, (Urdu) اردو, English, Espanol, Français, Polski